ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

محرم الحرام کے حوالے سے حیدرآباد،میرپور خاص، شہید بینظیرآباد،سکھر، لاڑکانہ رینج کے ڈی آئی جیز پر مشتمل اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس۔

اہل تشیع علماء نے بھی ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

کراچی29جولائی2022؁۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے محرم الحرام سال 2022 کے موقع پرمجموعی سیکیورٹی امور/کنٹی جینسی پلان پر سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ہونیوالے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں سندھ بھر کےاہل تشیع علماء نے بھی ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اور انہوں نے محرم الحرام کے حوالے سے درپیش دیگر مسائل/مشکلات کی بابت تفصیلی آگاہی دی اور پولیس اقدامات پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر آئی جی سندھ نے متعلقہ سینئر پولیس افسران کو اہل تشیع علماء کے مسائل کے حل کے حوالے سے ہرممکن اقدامات و تعاون کی ہدایات دیں۔

اجلاس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ کے علاوہ آپریشنز، ایڈمن، لاجسٹکس سندھ کے اے آئی جیزنے براہ راست جبکہ حیدرآباد، میرپور خاص، شہید بینظیرآباد، لاڑکانہ،سکھر پولیس رینجز کے ڈی آئی جیز اورمتعلقہ تمام ضلعی ایس ایس پیز نے بھی ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ محرم کے حوالے سے ممکنہ حساس علاقوں میں اسپیشل برانچ اور علاقہ تھانہ پولیس تمام تر سیکیورٹی امور واقدامات کو ناصرف غیرمعمولی بنایا جائے بلکہ لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ اور رپورٹ کی ترتیب کو بھی ممکن بنایا جائے تاکہ ایسے علاقوں میں سیکیورٹی کو ہر لحاظ سے مؤثر اور کامیاب بنایا جاسکے۔

آئی جی سندھ نے مذید کہا کہ فول پروف سیکیورٹی حکمت عملی اور لائحہ عمل کی بدولت محرم الحرام کی مناسبت سے منعقدہ جملہ مجالس، برآمد ہونیوالے چھوٹے بڑے جلوسوں، مجالس کے مقامات، جلوسوں کے روٹس پر سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کو انتہائی مربوط اور ٹھوس بنایا جائے۔علاوہ اذیں اضلاع کی سطح پر رینجرز سندھ اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں سے روابط کو مذید تقویت دی جائے اورانٹیلی جینس کلیکشن و بروقت شیئرنگ کے ساتھ ساتھ ہر قسم کی معلومات پر اقدامات اٹھانےجیسے امور پر بھی عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سی پی او سے وقتاً فوقتاً جاری رہنما احکامات پر عمل درآمد کو بھی محرم کے مجموعی سیکیورٹی امور میں خاص اہمیت دی جائے۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-